بڑے پن پر نہ اِتراؤ

ایک پہاڑ کی کھوہ میں ایک گِلہری رہتی تھی۔
ایک دِن پہاڑ نے گِلہری سے کہا "تُو کِتنی چھوٹی اور حقیر ہے۔"

گِلہری نے جواب دِیا "میں تیری طرح بڑی نہیں تو تُو بھی میری طرح چھوٹا نہیں ہے۔"
پہاڑ بولا "میرے بڑے ہونے سے بہُت سے فائدے ہیں۔"

گلہری نے جواب دیا "میرے چھوٹے ہونے سے
بھی کچھ کم فایدے نہیں ۔ دیکھتا نہیں میں تجھ
پر کس طرح بھاگی بھاگی پھرتی ہوں ۔"
پہاڑ نے کہا " تیری کیا حقیقت ہے ۔ہیں

بڑے بڑے جنگلوں کو اپنے سر پر اُٹھائے ہُوئے ہُوں۔"

گلہری بولی "میں اگر تیری طرح جنگلوں کو نہیں اُٹھا سکتی تو تُو بھی میری طرح ایک چھوٹی سی گُٹھلی نہیں توڑ سکتا۔"

پہاڑ نے کہا "یہ بھی کوئی کام ہے جس پر کسی کو گھمنڈ ہو سکے؟"

گلہری نے جواب دیا "کیوں نہیں۔ اگر میں تیرا کام نہیں کر سکتی تو جو کُچھ میں کر سکتی ہُوں وہ تُو نہیں کر سکتا۔

دُنیا میں کوئی چھوٹا ہے کوئی بڑا۔ مگر جو کام چھوٹے کر سکتے ہیں وہ بڑے نہیں کر سکتے۔ اِس لیے اُنھیں اپنے بڑے پَن پر اِترانا نہیں چاہیے۔